سبق-16

# کنجوس میاں

ڈرامہ، ساتھی، انعام، درخت، کنجوسی، ضرورت، پیڑ، پسند، انجام، خوف، شہر

گاؤں میں ایک کنجوس آدمی رہتا تھا جسے لوگ کنجوس میاں کے نام سے پکارتے تھے۔ ایک دن اسکو ناریل کی ضرورت پڑی۔ وہ ناریل لینے شہر کے بازار میں پہنچا اور ایک دوکاندار سے پوچھا، ایک ناریل کتنے میں دوگے؟ دوکاندار بولا آٹھ روپیہ کا ایک! کنجوس میاں نے کہا" آٹھ روپئے کے دودے دونا" دوکاندار نے کہا؟ آگے ملیں گے"



کنجوس میاں آگے بڑھ گئے۔ وہاں آٹھ روپئے کے دو ناریل مل رہے تھے۔ کنجوس میاں نے کہا، آٹھ کے چار ناریل دوگے"

دوسرا دوکاندار بولاتا، جی آگے ملیں گے "کنجوس میاں آگے بڑھ گئے وہاں آٹھ روپئے کے چار ناریل بک رہے تھے۔ کنجوس میاں بولے "آٹھ روپئے کے آٹھ ہی ناریل دونا!

تیسرے دوکاندار نے جواب دیا، نہیں بھائی میں تو نہیں دے سکتا۔ آگے ناریل کا پیڑ ہے۔ زیادہ اچھا یہ ہے کی وہیں سے توڑ لاؤ تاکہ تمہیں پیسے بھی نہیں دینا پڑیں گے اور جتنا چاہو گے توڑ لوگے!

کنجوس میاں کو یہ بات بہت پسند آئی اور وہ دوڑتے ہوئے ناریل کے درخت کے پاس پہنچے اور پیڑ پر چڑ گئے۔ وہاں انھوں نے بہت سارے ناریل توڑ لیے اور جب درخت سے اترنے کا ارادہ کیا تو نیچے دیکھ کر مارے کے تھر تھر کانپنے لگے ۔ ان کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اب درخت سے کس طرح اترا جائے؟

ناریل کے درخت پر لٹکے ہوئے کنجوس میاں نے شور مچانا شروع کر دیا، مجھے بچاؤ مجھے بچاؤ جو مجھے نیچے ا گا میں اسے سو روپیہ انعام دوں گا۔ ارے پانچ سو لے لینا مگر مجھے بچاؤ۔

کنجوس میاں کا انجام کیا ہوا؟ وہ کب تک ناریل کے درخت پر لٹکے رہے؟ انھیں کس نے درخت سے اتارا؟ اتارنے والے کو کنجوس میاں نے کتنے پیسے دیئے ہوں گے اس ڈرامہ کو آگے بڑھایئے اور اپنے ساتھیوا سنایئے۔



مشق اور سوالات

(1) پڑھیے اور بتایے۔

1- کنجوس کسے کہتے ہیں؟

2- کنجوس میاں بازار میں کیا لینے گئے تھے؟

3- بتاؤ کہ کنجوس میاں نے ناریل پہلے دوکاندار سے کیوں نہیں خریدے؟

4- بتایئے کہ کنجوس میاں کو ناریل کہاں سے خریدنا چاہیے تھا اور کیوں؟

5- تیسرے دوکاندار نے کنجوس میاں سے کیا کہا؟

(2) سوچیے اور بتایے

1- ایک ناریل دو روپے کا تو دس ناریل کتنے کے؟

2- ایک روپے کے دو ناریل تو آٹھ روپے کے کتنے؟

(3) ناریل کے پیڑ سے بننے والی چیزوں کے نام بتایئے۔

(4) بازار میں پھل، سبزی، بیچنے والے کس طرح آواز لگا کر لوگوں کو بلاتے ہیں ۔ اداکاری کے ساتھ بتایئے

(3) عملی کام۔ ناریل کے درخت کی تصویر بنایئے۔ ایسے اونچے، لمبے درخت اور کون سے ہوتے ہیں؟ بتایئے